بسم اللہ الرحمن الرحیم

ناپاک کپڑے کو پانی کے علاوہ کسی کیمیکل سے پاک کرنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر کپڑے پر نجاست لگ گئی اور اسے پانی سے نہیں دھویا بلکہ آج کل جو مختلف کیمیکلز آرہے ہیں ان سے صاف کیا اور نجاست کا اثر بھی ختم ہوگیا تو کیا کپڑا پاک ہوجائے گا

جواب

اگر کپڑے کو پانی کے علاوہ کسی بھی بہنے والی چیز سے صاف کیا جو نجاست کا اثر بالکل ختم کردے، تو اس سے بھی پاکی حاصل ہوجائے گی۔

بہار شریعت میں ہے: ”جو چیزیں بذاتہٖ نجس نہیں بلکہ کسی نَجاست کے لگنے سے ناپاک ہوئیں، ان کے پاک کرنے کے مختلف طریقے ہیں پانی اور ہر رقیق بہنے والی چیز سے (جس سے نَجاست دور ہوجائے) دھو کر نجس چیز کو پاک کر سکتے ہیں، مثلاً سرکہ اور گلاب کہ ان سے نَجاست کو دور کرسکتے ہیں تو بدن یا کپڑا ان سے دھوکر پاک کرسکتے ہیں۔ (البتہ) بغیر ضرورت گلاب اور سرکہ وغیرہ سے پاک کرنا، ناجائز ہے کہ فضول خرچی ہے۔“ (بہار شریعت، حصہ 2، صفحہ 397، مکتبۃ المدینہ کراچی)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2380

تاریخ اجرا: 07 صفر المظفر 1447ھ/02 اگست 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net